بارش کے وقت پڑھے جانے والے درود پاک کا حوالہ

مجیب: مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3171

تاریخ اجراء: 07ربیع الثانی1446ھ /11اکتوبر2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

بارش کے وقت پڑھے جانے والے درود پاک کا حوالہ کس کتاب میں ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

عظیم اور مشہور محدث ابو الفرج عبد الرحمن بن علی بن محمد الجوزی علیہ الرحمۃ (المتوفی 597ھ) دورد پاک کے مختلف صیغے شمار کرتے ہوئے ایک یوں تحریر فرماتے ہیں: "اللّٰھُمَّ صل علی مُحَمَّد عدد قطر الأمطار۔۔۔الخ" (بستان الواعظین ورياض السامعين، ص296، بیروت، لبنان)

عظیم و مشہور مفسر علامہ اسماعیل حقی علیہ الرحمۃ (1127ھ) تفسیر روح البیان میں درود پاک کے مختلف صیغے بیان کرتے ہوئے ایک صیغہ یوں تحریر فرماتے ہیں: ”اللھم۔۔۔صل علی محمد بعدد قطر الأمطار۔۔۔الخ“ ترجمہ: اے اللہ عزوجل! حضرت محمد صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم پر بارش کے قطروں کی تعداد کے حساب سے درود (یعنی اپنی رحمتیں) نازل فرما۔ (تفسیرِ روح البیان، ج7، ص235، دار الفکر، بیروت)

نوٹ:

یہ یاد رہے کہ! ان کتب میں ان الفاظ کے ساتھ درود پاک کا ذکر تو ملا ہے لیکن یہ صراحت نہیں ملی کہ بارش کے وقت یہ درود پاک پڑھا جائے یا پڑھنے کا حکم ہے وغیرہ اور اسی طرح یہ صراحت بھی نہیں کہ ان الفاظ کے ساتھ یہ درود پاک کسی حدیث میں مذکور ہوا ہے لیکن حدیث پاک میں بارش کے وقت کو دعا کی قبولیت کا وقت بیان فرمایا گیا ہے اور درود پاک بہترین دعا ہے اور ان الفاظ میں اس وقت سے مناسبت ہے، اس لیے یہ درود پاک اس وقت میں پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

سنن ابی داؤد میں ہے ”عن سهل بن سعد، قال: قال رسول الله - صلى الله عليه وسلم -: "ثنتان لا تردان، أو قلما تردان: الدعاء عند النداء، وعند البأس حين يلحم بعضه بعضا". قال موسى: وحدثني رزق بن

سعيدبن عبدالرحمن، عن أبي حازم، عن سهل بن سعد، عن النبي - صلى الله عليه وسلم - قال: "وتحت المطر "ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دو دعائیں رد نہیں کی جاتیں، یا فرمایا: بہت کم رد کی جاتی ہیں، ایک تو اذان کے وقت اور دوسرا جنگ میں جب بعض، بعض سے لڑ رہے ہوں، موسی نے کہا، مجھے رزق بن سعید بن عبد الرحمن نے ابی حازم سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا، اور ابی حازم نے سہل بن سعد سے روایت کیا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور بارش کے وقت۔

(سنن ابی داود، اول کتاب الجہاد، باب الدعاء عند اللقاء، ج04، ص193، دار الرسالة العلمية)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net